# Phone call between Prime Minister Shri Narendra Modi and H.E. Mr. Nicolae-Ionel Ciucă, Prime Minister of Romania

February 28, 2022

## وزیراعظم جناب نریندر مودی نے رومانیہ کے وزیراعظم عزت مآب نکولائی ایونل سیوکوسے ٹیلی فون پر بات چیت کی

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے رومانیہ کے وزیراعظم عزت مآب نکولائی ایونل سیوکوسے آج ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیراعظم نے گزشتہ چند دنوں میں یوکرین سے بھارتی شہریوں کو باہر نکالنے میں رومانیہ کے ذریعہ فراہم کرائی گئی مدد کے لئے عزت مآب نکولائی ایونل سیوکو کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر بغیر ویزا کے رومانیہ میں بھارتی شہریوں کے داخل ہونے کی اجازت دینے اور شہریوں کو نکالنے کے لئے بھارت کی خصوصی پروازوں کو اجازت دینے کے لئے رومانیہ کے رویئے کی تعریف کی۔

وزیراعظم نے جناب سیوکو کو بھارتی شہریوں کو آئندہ چند روز میں مقامی حکام کے تعاون سے باہر نکالنے کی کوششوں کی نگرانی کے لیے اپنے خصوصی نمائندے کے طور پر شہری ہوابازی کے وزیر جناب جیوترآدتیہ ایم سندھیا کو بھیجے جانے کے بارے میں بھی مطلع کیا۔

وزیر اعظم نے یوکرین میں جاری تشدد اور انسانی بحران پر اپنے غم کا اظہار کیا اور دشمنی کے خاتمے اور بات چیت کی طرف واپسی کے لیے بھارت کی جانب سے کی جانے والی مستقل اپیل کو دہرایا۔ وزیر اعظم مودی نے ممالک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کئے جانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

نئی دہلی

28 فروری 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.